(صوبہ خیبر پختونخوا) گنا کارخانے کنٹرول قانون،-1950

قانون نمبر ۲۲ سال 1950

فہرست

ابتدائیہ

دفعات

1۔مختصر تعارف، وسعت اور آغاز۔

2۔تعاریفات۔

3۔گنا کنٹرول بورڈ۔

4۔بورڈ کی تشکیل۔

5۔بورڈ کے اختیارات اور فرائض۔

6۔تعیناتی گنا کمیشنر۔

7۔تعیناتی انسپکٹران۔

8۔نوٹس گنا بیلنا۔

9۔تخمینہ بہ مقدار گنا برضرورت کارخانہ۔

10۔اعلانِ مختص علاقہ۔

11۔سروے مختص علاقہ۔

12۔رجسٹر رکھنا۔

13۔خریداری گنا مختص علاقے میں۔

14۔اعلان تفویض کردہ علاقہ اور اُس میں خریداری گنا۔

15۔خریداری گنا ماورا مختص علاقہ۔

16۔اختیاراتِ صوبائی حکومت طے کرنا کم از کم قیمت گنا۔

17۔اجازت نامہ خریداری گماشتے۔

18۔تقسیم تخمِ گنا بذریعہ کارخانے۔

19۔اس قانون کے مقاصد کے تحت طے کرنا قبضہ کنندہ۔

20۔بھرتی اور ہٹانا عملہ کارخانہ۔

21۔سزائیں۔

22۔کاروائیاں شروع کرنا۔

23۔قواعد بنانے کا اختیار۔

(صوبہ خیبر پختونخوا) گنا کارخانے کنٹرول قانون، ۱۹۵۰ء۔

(قانون نمبر ۲۲ سال ۱۹۵۰ء)

گورنر (صوبہ خیبر پختونخوا) کی منظوری حاصل ہوئی مورخہ: ۱۵ اپریل ۱۹۵۰ء

قانون ہذا

کارخانوں کو گنا [چقندر] کی فراہمی کو بقاعدہ بناتی ہیں۔

ابتدائیہ

جب کہ موزوں ہے کہ کارخانوں کو گنا [چقندر] کی فراہمی کو بقاعدہ بناتی ہوئے اس ارادے کے ساتھ کہ استعمال ہو ان کارخانوں میں اور قیمت پر جس پر اسے خریدا جائے اور ایسے دوسرے معاملات جو اس سے جڑے ہوں۔

مختصر تعریف اور وسعت:

(۱) قانون ہذا کو (صوبہ خیبر پختونخوا) گنا کارخانے کنٹرول قانون ۱۹۵۰ کہا جائے گا۔

(۲) یہ تمام صوبہ (خیبر پختونخوا) میں لاگو ہوگا بجز قبائلی علاقہ جات

تعریفات:

2۔اس قانون میں، جب تک کوئی چیز سیاق وسباق کے خلاف نہ ہو

(الف) ''مختص علاقے'' سے مراد ایک علاقہ جو کہ کارخانے کو تفویض کی گئی ہو زیر ذیلی دفعہ (1) دفعہ 14 میں؛

(ب) ''بورڈ'' سے مراد گنا اور چقندر کنٹرول بورڈ جو کہ زیر دفعہ 3 تشکیل کردہ ہو؛

(ج) ''گنا'' سے مراد گنا جو کہ کارخانے میں استعمال کی نیت سے ہو اور بشمول چقندر؛

(د) ''گنا کمیشنر'' سے مراد حاکم جو کہ تعینات ہو بطور گنا کمیشنر زیر دفعہ 6؛

(ھ) ''گنا اُگانے والے سے'' سے مراد وہ شخص ہے جو کہ گنا اگاتا ہو بذاتِ خود یا بذریعہ اس کے خاندان کے کوئی فرد یا بذریعہ مزدور اور وہ گنا اُگانے والے انجمن امدادی باہمی کا رُکن نہ ہو۔

(و) ''گنا اُگانے والے انجمن امدادی باہمی'' سے مراد انجمن جو کہ انجمن ہائے امدادی باہمی قانون ۱۹۱۲ (قانون دوئم ۱۹۱۲) کے تحت درج شدہ ہو [یا سندھ امدادی باہمی انجمن ہائے قانون ۱۹۲۵] جس کے مقاصد میں سے ایک فروخت کرنا گنا جو کہ اُنکے ارکان نے اُگائی ہوں ہو۔

(ز) ''کلیکٹر'' اس قانون کے کسی دفعہ میں بشمول کوئی حاکم جس کو گورنر، بذریعہ حکم نامہ، تعینات کرے اپنے اختیارات اور فرائض استعمال کیلئے بطور کلکٹر اُس دفعہ کے تحت؛

(خ) ''بیلنے کاموسم'' سے مراد وہ مدت جو کہ شروع ہوتی ہے کسی بھی سال میں یکم اکتوبر سے اور اختتام پذیر ہوتی ہے آنے والے ۳۰ جون کو؛

(ط) ''کارخانہ'' سے مراد کوئی تعمیر شدہ جگہ بشمول بشمول اُسکے اطراف، جس میں ۲۰ یا زائد کارکنان کام کر رہے ہوں یا کام کر رہے تھیں کسی بھی دن گزرے ہوئے ۱۲ مہینوں میں اور جس کا کوئی بھی حصہ متعلق ہے کسی تیاری کے عمل سے، چینی بنائی جارہی ہوں بذریعہ Vacuum Pans یا عموماً ہو رہی ہوں، بجلی کے ذریعے؛

(ی) ''انسپکٹر'' سے مراد کوئی بھی انسپکٹر جو کہ قانون ہذا کے دفعہ ۷ کے تحت تعینات ہو اور بشمول بلحاظ منصب یا اضافی انسپکٹر؛

(ک) ''کارخانے کا قابض'' سے مراد شخص جس کو کلی کنٹرول حاصل ہو کارخانے کے معاملات میں

بشرطیکہ جہاں کارخانے کے معاملات انتظامی گماشتے یا انتظامی ناظم یا ناظم خصوصی کے حوالے کی گئی ہو، ایسا انتظامی گماشتہ انتظامی ناظم یا ناظم خصوصی قابض کارخانہ سمجھا جائے گا؛

(ل) ''بیان کردہ'' سے مراد بیان کردہ بذریعہ قواعد؛

(ے) ''خریداری گماشتہ'' کا مطلب شخص جس کو اس قانون کے تحت بطور خریداری گماشتہ کام کرنے کی اجازت ہو؛

(م) ''مختص علاقہ'' کا مطلب ایک علاقہ جو کہ مخصوص ہو بذریعہ حکم جاری کردہ زیر دفعہ ۱۰ قانون ہذا؛

(ن) ''قاعدہ'' سے مراد کوئی قاعدہ جو کہ قانون ہذا کے تحت بنا ہو؛

(ق) ''کترائی موسم'' سے مراد وہ مدت ہے جو کہ شروع ہوتا ہے ۱۵ اپریل سے کسی بھی سال میں اور اختتام پذیر ہوتا ہے انے والے ۳۱ جولائی کو؛

3۔ <u>گنا کنٹرول بورڈ</u>

صوبائی حکومت، صوبے کیلئے، بذریعہ اعلان، گنا (چقندر) کنٹرول بورڈ قائم کر سکتا ہے۔

4۔ **<u>بورڈ کا تشکیل:</u>**

بورڈ مشتمل ہوگا (گنا) کمیشنر، جو کہ بورڈ کا صدرنشین ہوگا اور ایسے اور اتنے ارکان گنا اُگانے والوں سے، کارخانہ مالکان اور ریاست کے نوکران جو کہ طے کیے جائے۔

5۔ **<u>بورڈ کے اختیارات اور فرائض</u>**

بورڈ وہ تمام اختیارات استعمال کرے گا اور فرائض انجام دے گا جو کہ طے کئے جائے اور اس کی کاروائی ایسے طریقے اور کے مطابق چلائی جائی گی جو طے کی جائے۔

6۔ **<u>گنا کمیشنر کی تعیناتی</u>**۔

(۱) صوبائی حکومت، بذریعہ اعلان، افسر تعینات کر سکتا ہے، جو کہ حیثیت میں کلکٹر سے کم نہ ہو، بطور گنا کمیشنر جو کہ اختیارات استعمال

کرسکتا ہے، اُن اختیارات اور فرائض کے علاوہ جو اس قانون ہذا کے تحت خاصل ہے ایسے اختیارات اور فرائض جو کہ وقتاً فو قتاً یان کیے جائے۔

(۲) گنا کمیشنر کو سمجھا جائے گا کہ اختیارات خاصل ہے کلیکٹر کے زیر [West Pakistan Land Revenue Act, 1967] اور [Khyber Pakhtunkhwa] Tenancy Act, 1950] یا[کوئی اور قانون جو کہ زمین کے مالیہ اور کرایہ داری سے متعلق نافذ ہو صوبہ کے کسی بھی حصے میں ۔

6A۔ تعیناتی اضافی گنا کمیشنر۔

صوبائی حکومت، بذریعہ اعلان کلیکٹر کو بطورِ اضافی گنا کمیشنر تعینات کرسکتا ہے جو کہ گنا کمیشنر کو خاصل اختیارات اور فرائض انجام دے ضلع میں یا اُس کے کسی حصے میں، جو کہ مخصوص کیا جائے ۔

7۔ تعیناتی اُنسپکٹران

(۱) صوبائی حکومت، بذریعہ اعلان، ایسے اشخاص کو تعینات کرسکتا ہے جو کہ اُس کے خیال موزوں ہو، بطور انسپکٹران قانون ہذا کے مقاصد کیلئے ایسے مقام حدود کے اندر جو ان کو تفویض ہو۔

(۲) ذیلی دفعہ (۱) کے تحت کوئی شخص بطور انسپکٹر تعینات نہیں کیے جائے گا یا تعینات کیا گیا ہو، کام جاری نہیں رکھ سکے گا، جو کہ ہو یا ہو جاتا ہو بالواسطہ یا بلاواسطہ مفاد یافتہ کارخانے میں یا اس کے کسی عمل میں یا کاروبار میں یا حق ایجاد یا مشین جو کہ اس سے متعلق ہو۔

(۳) ہر انسپکٹر، جو کہ پاکستان پینل کوڈ کے اندر عوامی نوکر سمجھا جائے گا ہر کاری طور پر ایسے حاکم کے ماتحت ہو گا جس سے صوبائی حکومت نامزد کرے، اور ایسے فرائض اور اختیارات استعمال کرے گا جو کہ وقتاً فو قتاً یان کیے جائے۔

8۔ اطلاع بابت کترائی اور بیلنا

قابض کارخانہ گنا کمیشنر کو ایک مہینہ پہلے مخصوص ہیت میں اطلاع بھیجے گا بابت شروع کرنے بیلانا اور کترائی یا اس صورت میں، کترائی شروع ہوتی ہے۔

بشرطیکہ قابض بیلنا شروع کرے گا کسی تاریخ کو جو کہ ۳۰ نومبر کے بعد نہ ہو اور کترائی تاریخ کو ۱۵ مئی کے بعد نہ ہو، ہر سال۔

9۔ تخمینہ بہ مقدار گنا برضرورت کارخانہ۔

(۱) گنا کمیشنر، بذریعہ حکم، کسی بھی کارخانے کے قابض سے کہے گا کہ اُس کے سامنے پیش کرے تاریخ کو اس سے قبل جس کو وہ طے کرے تخمینہ مخصوص ہیت میں اور طریقے سے مقدارِ گنا، جس کی ضرورت ہوگی بیلنے کے موسم میں [یا کترائی کے موسم میں جو بھی صورت حال ہو] جس کے حکم میں تصریح ہو۔

(۲) گنا کمیشنر ہر تخمینہ کے جان پڑتال کرے گا اور شائع کرے گا اُس کو مخصوص طریقے سے ترامیم کے ساتھ، اگر ہو جس کو وہ موزوں خیال کرے بورڈ کے ساتھ صلح اور مشورے کے بعد

(۳) گنا کمیشنر بغیر بورڈ کے مشاورت کے تخمینہ پر نظر ثانی کرے گا زیر ذیلی دفعہ (۲)

10۔ اعلان مختص علاقہ۔

(۱) گنا کمیشنر، بورڈ کے ساتھ مشاورت کے بعد، حکم جاری کرے گا کسی بھی علاقے کو مختص علاقہ قرار دے گا، کسی خاص کارخانے کو گنا سپلائی کے مقاصد کیلئے اُس خاص بیلنے کے موسم کے دوران [یا کترائی کا موسم]، اور اسی طریقے سے، کسی بھی وقت، اُس حکم کو منسوخ کر سکتا ہے یا تبدیلی کر سکتا ہے اس قسم کے مختص علاقے کے سرحدوں میں۔

(۲) گنا کمیشنر کے حکم کے خلاف زیر ذیلی دفعہ (۱) اپیل ڈویژنل کمشنر کو کیا جائے گا۔

11۔۔ سروے مختص علاقہ۔

(۱) صوبائی حکومت سروے مختص علاقہ کے بابت حکم کسی کارخانے کو تفویض کرنے کا دے سکتا ہے اور سروے کا خرچہ قابض کارخانے سے وصول کر سکتا ہے۔

(۲) ہر سروے جسکا ذکر زیر ذیلی دفعہ (۱) میں ہے صوبائی حکومت کا مقرر کردہ افسر اس مقصد کیلئے کر سکتا ہے، اور ایسا افسر اُن تمام فرائض اور اختیارات کا استعمال کر سکتا ہے سروے کے سلسلے میں جسکے کی سراحد کی جائے اور سروے بیان کردہ طریقہ کار کے مطابق ہو گا۔

(۳) ہر شخص جو کہ مالک یا قابض ہے زمین کا علاقے میں جس کے بابت ذیلی دفعہ (۲) کے تحت سروے کی جارہی ہو سروے کرنے والے افسر کو وہ تمام مدد اور سہولیات فراہم کرے گا جو بیان ہو۔

(۴) کوئی رقم جو کہ بذمہ قابض کارخانہ ہو قابل وصولی ہے بطورِ بقایہ جات زمینی امدن۔

12۔ رجسٹر رکھنا۔

قابض کارخانہ جسے مقاصد کیلئے علاقہ مختص کیا گیا ہو، مجوزہ طریقہ کار کے مطابق اور طریقے سے تمام گنا اُگانے والوں اور گندم اُگانے والے انجمن ہائے امدادی باہمی کا رجسٹر رکھے گا اس علاقے میں۔

13۔ خریداری گنا مختص علاقے میں۔

(۱) مختص علاقے میں گنا اُگانے والا اور گنے اُگانے والے انجمن امدادی باہمی، اگر کمیشنر ایسا کرنے کیلئے کہیں، پیش کش کرے گا اُس طریقے سے اور تاریخ کو جو کہ بیان ہو، اور قابض کارخانہ کو مہیا کرے، جس کیلئے علاقہ مختص ہے اتنے مقدار میں گنا، اُگانے والے یا ارکان اس قسم کے گنا اگانے والے انجمن امدادی باہمی، جو بھی صورت ہو جو کہ بیان ہو، یا جس کی گنا کمیشنر خاص ہدایت کرے، اس قسم کے گنا اُگانے والے یا گنا اُگانے والے انجمن امدادی باہمی کیلئے۔

(۲) قابض کارخانہ، جس کیلئے علاقہ مختص ہو، معاہدہ کرے گا ایسی شکل میں اور تاریخ کو اور ایسی شرائط کے تحت جو کہ بیان ہو گنا خریدنے کیلئے جس کی پیش کس ذیلی دفعہ (۱) کے تحت دی گئی ہو: بشرطیکہ کہ وہ نہ خریدے گا اور نہ گنا خریدنے کا معاہدہ کرے گا اُس شخص سے جو کہ گنا اُگانے والے انجمن امدادی باہمی والے کا رُکن ہو۔

(۳) تاوقتیکہ صوبائی حکومت اور طریقہ سے ہدایت کرے، مختص علاقے میں پیدا شدہ گنا خریداری گماشتہ یا کوئی اور شخص بجز قابض کارخانہ نہیں خریدے گا، جس کیلئے وہ علاقہ مختص ہو سوائے دوسرا اُگانے والا نیک نیتی سے بیج کے مقاصد کیلئے۔

(۴) مختص علاقے میں پیدا شدہ گنا کوئی شخص فروخت نہیں کرے گا بجز گنا اُگانے والے یا گنا والے انجمن امدادی باہمی، بشرطیکہ گنا اُگانے والا یا گنا اُگانے والے انجمن امدادی باہمی کارخانے کا گنا دوسرے گنا اُگانے والا اُس علاقے میں، یا لے جانے والے کو فراہم کر سکتا ہے۔

(۵) بیلنے کے موسم [یا کترائی کا موسم جو بھی صورت ہو] صوبائی حکومت، اگر مطمئن ہو کہ اس بات کا امکان ہے کہ اُس علاقے میں جو کہ مختص کارخانے کیلئے گنے کے کوئی مقدار دستیاب ہے قابض کارخانہ کو فروخت کیلئے اس مقدار سے زیادہ جس کیلئے پابند ہے کہ معاہدہ کرے، ہدایت دے سکتی ہے کہ گنا مختص علاقے کے باہر نہیں خریدے گا تاوقتیکہ قابض کارخانہ تمام پیش شدہ گنا مختص علاقے میں خریدنے کا معاہدہ نہیں کرتا۔

13A۔ پابندی فراہمی گنا۔

باوجود اس کے کہ کچھ اور مذکور ہے اس قانون ہذا میں یا کسی اور قانون میں جو کہ وقتی طور پر نافذ ہو صوبائی حکومت، جہاں وہ ضروری سمجھتی ہے بذریعہ اعلان سرکاری گزٹ میں ہدایت دے سکتی ہے کہ تمام گنا یا اُس کے مخصوص فی صدی مقدار کارخانے کے تفویض کردہ یا مخصوص کردہ علاقے سے فراہمی، علاقہ یا اُس کا کوئی حصہ بذریعہ گنا اُگانے والے انجمن امدادی باہمی کے ہوگا اس قسم کے ہدایات پر مالک کارخانہ نہیں کرے گا، اس مقدار کی حد تک یا اُس کے فی صدی مقدار کے حد تک جو کہ مخصوص ہے اعلان میں، خریدے گا یا معاہدہ کرے گا خریدنے کیلئے گنا کسی بھی ذریعہ سے ماسوائے گنا اگانے والے انجمن امدادی باہمی کے۔

14۔ تفویض کردہ علاقوں کا اعلان اور وہاں سے خریداری گنا۔

(i) گنا کمیشنر، بورڈ سے مشاورت کے بعد، حکم کر سکتا ہے کوئی علاقہ تفویض کردہ علاقہ قرار دینے کا بر مقاصد فراہمی گنا کسی خاص کارخانے کو

(ii) قابض کارخانہ، جس کیلئے علاقہ تفویض ہو، معاہدہ کرے گا تفویض کردہ علاقے میں گنا اگانے والوں سے یا گنا اگانے والے انجمن امدادی باہمی یا گماشتے خریداری سے خریداری کا تفویض کردہ علاقے میں اتنی مقدار کا گنا اور اس تاریخ کو اس طریقے سے اور اس شرائط کے تحت جس کو گنا کمیشنر طے کرے بشرطیکہ اس قسم کا معاہدہ اس شخص کے ساتھ نہیں کیا جائے گا جو کہ رکن ہو گنا اگانے والے انجمن امدادی

باہمی کا۔

(iii) اگر اس قسم کا معاہدہ گماشتہ خریدارے کے ساتھ کیا جاتا ہے، وہ تفویض کردہ علاقے میں گنا اگانے والوں کے ساتھ یا گنا اگانے والے انجمن امدادی باہمی کے ساتھ معاہدہ نہیں کرے گا تمام گنّے کی بابت جس کا اس نے فراہمی کا وعدہ کیا ہے۔

(iv) کاشت کار گنا یا کاشت کار گنا انجمن ہائے امداد باہمی گنا کے سپلائی کے معاہدے کرنے پر تیار نہ ہو، گنا کمیشنر، بذریعہ تحریری حکم انہیں ایسا کرنے کو کہہ سکتا ہے ان شرائط پر جس کو وہ طے کرے، اس حکم کے قانونی طور پر کاشت کار گنا یا کاشت کار گنا انجمن ہائے امداد باہمی پابند ہونگے۔

(v) مطلوبہ مقدار کا گنا سپلائی کرنے میں ناکامی کی صورت میں، قابض کارخانہ یا گماشتہ یہ خریداری، گنا کمیشنر کو مجوزہ نوٹس دینے کے بعد، مطلوبہ گنا تفویض کردہ علاقے کے باہر سے خرید سکتا ہے، تو فتیکہ وہ کوئی اور ہدایت کرے۔

(VI) گنا کمیشنر کے حکم کے خلاف جو کہ ذیلی دفعہ (i) یا ذیلی دفعہ (ii) یا ذیلی دفعہ (iv) کے تحت ہوا پیل ڈویژنل کمیشنر کو کی جائی گی۔

14A۔ **اختیار گنا کمیشنر منع کرنے غیر مناسب اقسام گنا کاشت کرنے سے:۔**

گنا کمیشنر، بذریعہ تحریری حکم، کسی بھی مختص علاقے میں، منع کرسکتی ہے کاشت کار گنا یا کاشت کار گنا انجمن ہائے امداد باہمی کاشت کرنے سے کسی بھی قسم کا گنا جس کو صوبائی حکومت نے زیر دفعہ 18 تقسیم کیلئے غیر مناسب قرار دیا ہو۔

15۔ **خریداری گناما اور مختص علاقہ۔**

کسی بھی علاقے، علاوہ مختص علاقہ، کوئی بھی شخص گنا نہیں خریدے گا بجز۔

(a) فیکٹری کا مالک یا وہ شخص جو اس نے ملازم رکھا ہو اس قسم کی خریداری کیلئے۔

(b) خریداری گماشتہ یا وہ شخص جو اس نے ملازم رکھا ہو اس قسم کی خریداری کیلئے۔

(c) کاشت کار گنا انجمن امداد باہمی؛

(d) کاشت کار گنا خریداری بیج کیلئے؛

بشرطیکہ شخص جو کہ خریداری کا مجاز ہے وہاں سے گنا بذریعہ کاشت کار یا کیریئر اُٹھا سکتا ہے۔

16۔ **اختیارات صوبائی حکومت طے کرنا کم از کم قیمت گنا۔**

(i) صوبائی حکومت بورڈ کے ساتھ مشاورت کے بعد، اعلامیہ کے ذریعے طے کرسکتی ہے کسی بھی علاقے کیلئے کم سے کم قیمت جو کہ ادا کی جائی گی بذریعہ قابض کارخانہ یا گماشتہ خریداری۔ گنّے کے خریداری کیلئے اس علاقے میں عام طور پر یا چینی کے اجزاء کے متعلق گنّے کے یا

ہدایت کرے کہ یہ کم سے کم قیمت مشروع طریقے سے حساب کی جائے گی۔

(ii) صوبائی حکومت وقتاً فوقتاً تبدیل کرسکتی ہے قیمت اعلامیہ کے ذریعے پیراگراف نمبر (i) کے تحت

(iii) فیکٹری کا مالک یا خریداری گماشتہ کسی قسم کی کٹوتی نہیں کرے گا مقررہ رقم گنا سے جو اس پر فروخت کیا گیا ہے کاشت کار یا کاشت کاروں نے، انجمن ہائے امداد باہمی بجز وہ کٹوتی جو مشروع ہو صوبائی حکومت اعلامیہ کے ذریعے جس کی وقتاً فوقتاً اجازت ہو۔

(iv) صوبائی حکومت بورڈ کے ساتھ مشاورت کے بعد اعلامیہ کے ذریعے ہدایت کرسکتی ہے، کہ کم سے کم قیمت سے زائد جو گنے کیلئے ادا کی جاتی ہے، فیکٹری کا مالک ادا کرے گا گنے کے مختلف اقسام کیلئے اعلامیہ میں مخصوص کیا جائے گا اور وہ جو گنے کا کاشت کار یا کاشت کار انجمن ہائے امداد باہمی رسد کیلئے راضی ہو، اس قسم کی اضافی قیمت جس کی صوبائی حکومت ہدایت کرے۔

(v) صوبائی حکومت ہدایت کرسکتی ہے فیکٹریوں کو کہ صوبائی حکومت کو ادا کرے یا کاشت کاروں کو منافع جس کو معیاری نفع کے نام سے جانا جائے بیلنے / کترائی کے موسم میں اس شرح پر جو کہ تناسب ہوگا کارخانے سے نکلے ہوئے Sucrose کے تناسب سے علاوہ ازیں Sucrose کی بنیادی سطح پر جس کو وقتاً فوقتاً صوبائی حکومت طے کرے

17۔اجازت نامہ خریداری گماشتے۔

قابض کارخانہ یا گماشتہ خریداری کسی شخص یا اشخاص کے گروہ کو کام کیلئے نہیں رکھے گا کسی کام کیلئے یا مختلف نوع کام کرنے کیلئے جو کہ خریداری گنا سے متعلق ہو اور کوئی شخص اپنے اختیارات کو گماشتے خریداری کے حد تک استعمال نہیں کرے گا، جب تک اسے مجاوزہ طریقہ کار کے مطابق اجازت نامہ نہیں دیا گیا ہو

18۔تقسیم تخم گنا بذریعہ کارخانے۔

(i) کارخانے کا مالک یا وہ شخص جو اس کیلئے کام کرتا ہے وہ تقسیم نہیں کرے گا تخم کو کسی بھی قسم کا کسی شخص کو جو تخم کاشت کار استعمال کرتے ہیں یا کاشت کاروں کے ممبران، انجمن ہائے امداد باہمی، اگر صوبائی حکومت بورڈ کے ساتھ مشاورت کے بعد، سرکاری جریدے میں کوئی حکم شائع کی گئی ہے، قرار دیا گیا ہو کہ تخم اس قسم کاشت کاروں کو تقسیم کیلئے نامناسب ہے۔

(ii) صوبائی حکومت، بورڈ کی سفارشات کی روشنی میں، کارخانے کے مالک کو کہہ سکتی ہے، تقسیم کرے مختص علاقے میں کارخانے کیلئے اس قسم کے بیج ایسی صورت حال میں اور اس طریقے سے جیسا کہ ہر معاملے میں مشروع ہو۔

19۔اس قانون کے مقاصد کے تحت طے کرنا قابض۔

(1) اگر قابض کارخانہ فرم ہو یا مجموعہ افراد کا ہو، کسی بھی شراکت دار یا ممبران کے خلاف مقدمہ چلایا جا سکتا ہے اور سزا دی جا سکتی ہے اس قانون کے تحت کسی بھی عمل کا جس کیلئے کارخانے کا مالک قابل سزا ہو۔

بشرطیکہ فرم یا مجموعہ افراد اس بات کی کلکٹر کو اطلاع دے کہ انہوں نے اپنے ایک ممبر کو بطور قابض کارخانہ نامزد کیا ہے اس قانون کے

مقاصد کے تحت اور ایسا ممبر قابض تصور ہو گا اس قانون کے مقاصد کیلئے تو قتیکہ دوسرا نوٹس کلیکٹر کو موصول ہو بابت منسوخ نامزدگی یا اس وقت تک وہ شراکت دار یا فرم یا ایسوسی ایشن کا ممبر نہ رہا ہو۔

(2) اگر قابض کارخانہ بطور کمپنی کے ہو، یا اس کا کوئی ڈائیریکٹر ہو، یا نجی کمپنی کی صورت میں، کوئی ایک کھاتہ دار اس کا، کے خلاف مقدمہ چلایا جا سکتا ہے اور سزا دی جا سکتی ہے اس قانون کے تحت کسی بھی جرم کیلئے جس کیلئے قابض کارخانہ قابل سزا ہو۔

بشرطیکہ کمپنی کلیکٹر کو اطلاع دے سکتی ہے کہ اس نے ڈائریکٹر، یا، نجی کمپنی کی صورت میں، کھاتہ دار، نامزد کیا ہے بطور قابض کارخانہ اس قانون کے مقاصد کے تحت اور یہ ڈائریکٹر یا کھاتہ دار اس قانون کے مقاصد کے تحت قابض کارخانہ سمجھا جائے گا، تاوقتیکہ کلیکٹر کو نامزدگی کی منسوخی کے بابت نوٹس موصول ہوا ہو یا اس وقت جب وہ ڈائریکٹر یا کھاتہ دار نہ رہے۔

20۔بھرتی اور ہٹانا عملہ کارخانہ۔

کارخانے کا مالک گنے کا منتظم بھرتی کرے گا اور اس قسم کا دوسرا عملہ جسے صوبائی حکومت طے کرے، گنا کمیشنر کی سفارش پر، تا کہ بقاعدہ کرے، انتظام کرے اور کارخانے کیلئے خریداری کی نگرانی کرے۔ منتظم گنا کو بھرتی اور سزا دینا بشمول ملازمت سے برطرفی اور دوسرے عملے کا گنا کمیشنر کے رضامندی سے مشروط ہو گا۔

21۔سزائیں۔

(a) کوئی شخص جو اس قانون کی یا اس قانون کے تحت جاری شدہ کسی حکم کی خلاف ورزی کرے تو اسے قید چھ ماہ یا جرمانہ جو کہ مبلغ دس ہزار ہو سکتا ہے یا دونوں سزائیں دی جائی گی۔

(b) جرائم اس قانون کے تحت قابل ضمانت ہے اور نا قابل دست اندازی ہو گی۔

22۔کاروائیاں شروع کرنا۔

(i) اس قانون کے تحت کوئی بھی مقدمہ نہیں چلایا جائے گا، بجز شکایت کے جو کہ کلیکٹر جو کلیکٹر یا گنا کمیشنر کی جانب سے یا اسکے ماتحت کی طرف سے ہو۔

(ii) درخواست شخص کی طرف سے جو اس قانون کے تحت ملزم ہو، گنا کمیشنر یا کلیکٹر صوبائی حکومت کی پہلے سے حاصل رضامندی کے ساتھ، ایسے جرائم میں صلح کر سکتی ہے جرمانہ عائد کرتے ہوئے جو کہ دوگنے سے زیادہ نہ ہو جو کہ عائد کیا جا سکتا تھا اس قسم کی جرم کیلئے کسی بھی مرحلے پر سزا سے پہلے۔

(iii) کوئی عدالت جو کہ مجسٹریٹ درجہ اول سے کم ہو اس قانون کے تحت سرزد شدہ جرم یا حکم عدولی کیلئے مقدمہ نہیں چلائے گا۔

(iv)(a) کوئی نالش، مقدمہ یا دوسری قانونی کاروائی برخلاف صوبائی حکومت یا اس کے کسی ملازم کے کسی بھی فعل کیلئے جو کہ ہوا ہو یا کیے جانے کا ارادہ ہوا ہو اس قانون کے تحت یا اس تحت بنائے گئے قواعد۔

(b) کوئی بھی اختیار یا صوابدید جو کہ حاصل ہو صوبائی حکومت یا بورڈ یا گنا کمیشنر کو اس قانون کے ذریعے کے بارے میں کسی بھی دیوانی عدالت میں سوال نہیں اٹھایا جائے گا

(c) صوبائی حکومت دے سکتی ہے تمام یا کوئی ایک اختیار اس قانون کے تحت کسی بھی افسر کو جو کہ بالحاظ عہدہ کلیکٹر سے کم نہ ہو۔

23۔قواعد وضع کا اختیار۔

(1) صوبائی حکومت اس قانون کے دفعات پر عمل در آمد کیلئے قواعد وضع کر سکتا ہے۔

(2) خاص طور پر اور بغیر کسی طرفداری کے حاصل اختیارات کی عمومیت کیلئے ،ایسے قواعد مہیا کر سکتے ہے۔تسلسل ،اختیارات ،فرائض اور طریقہ کار کی تعیناتی گنا کمیشنر اور انسپکٹر ان کا اور ان اختیارات اور فرائض کا جو کہ وہ انجام دیں گے۔

(3) اختیارات جس کے ذریعے ذمہ داریاں اس قانون یا اس کے تحت بنائے گئے قواعد کے مطابق انجام دیے جائیں گے۔

(4) ہیت جس میں نوٹس ہائے مطلوبہ بذریعہ دفعات 8 اور 14 (v) دیے جانے چاہیں۔

(5) ہیت ،طریقہ اور تاریخ زیر دفعہ 9 پیش کرنے تخمینہ اور طریقہ اکر جس کے تحت تخمینہ ہو مشتہر کیا جانا چاہیے۔

(6) طریقہ کار اختیار کیا جائے سروے کرنے کیلئے زیر دفعہ 11 ہر وے افسران کے اختیارات اور تعاون جو کہ مہیا کیا جائے بذریعہ مالکان اور قابضین اراضی۔

(7) اندراج ،رجسٹران اور حساب کتاب اور پیش کرنے حاصلات ،ان کے اندراج کے نقولات اور اس کیلئے عائد کردہ فیس۔